# دی سٹی سکول

## پی اے ایف چیپٹر

### کمپری ہینسو ورک شیٹ (۲۰۲۰ ۔ ۲۰۱۹)

### اردو ۔ جماعت: ہفتم

| | | | |
|---|---|---|---|
| فہرست نمبر: ____________ | | رول نمبر: ____________ | |
| فریق: ____________ | | برانچ/کیمپس : ____________ | |
| تاریخ: ____________ | | کل نمبر: ۱۰۰ | وقت: ۲ گھنٹے |

ہدایات برائے طلبہ:

☆ پرچہ شروع کرنے سے پہلے فہرست نمبر، تاریخ، فریق اور برانچ/کیمپس کا نام ضرور لکھیں۔

☆ پرچہ حل کرنے سے پہلے اسے توجہ سے پڑھیے، اس کے لئے آپ کے پاس ۱۰ منٹ ہیں۔

☆ دی گئی جگہ پر جوابات تحریر کیجئے۔

☆ اپنا پرچہ نگران کے حوالے کرنے سے پہلے اچھی طرح تسلی کرلیں۔

☆ ہر حصے کے نمبر نیچے دیئے گئے ہیں۔

............................................حصہ برائے ممتحن............................................

| | تفہیم | ادبیات | قواعد | انشاء پردازی | کل نمبر | % | گریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کل نمبر | ۲۵ | ۲۵ | ۲۵ | ۲۵ | ۱۰۰ | | |
| حاصل کردہ نمبر | | | | | | | |

دستخط نگراں: ____________ دستخط جانچ کنندہ: ____________ دستخط ممتحن: ____________

حصہ تفہیم                                    کُل نمبر ۲۵/

**سوال نمبر ا۔ درج ذیل پیراگراف کو پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کریں ۔**

ابتدائی زمانے سے لے کر آج تک انسان اپنی بیشتر ضروریات جنگلی جانوروں سے پوری کرتا چلا آرہا ہے ۔ جانوروں سے جہاں انسان دودھ، گوشت ، چمڑا اور اُون حاصل کرتا اور باربرداری و چوکیداری کا کام لیتا ہے ۔ وہاں اُن کے اور بھی فائدے ہیں ۔ مثلاً ہرن سے اعلیٰ قسم کا مشک (خوشبو) حاصل ہوتا ہے ۔ بعض جانور ان کیڑے مکوڑوں کو کھاتے ہیں جو ہماری فصل کو نقصان پہنچاتے ہیں ۔ کچھ جانور ادویات کی تیاری میں کام آتے ہیں ، سائنسی تجربات میں بھی ان سے فائدہ اُٹھایا جاتا ہے ۔ وہیل مچھلی کا تیل راکٹوں اور دیگر خلائی مشینوں میں خصوصی طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

زلزلے کی پیشن گوئی کرنے والا آلہ آج تک ایجاد نہیں ہو سکا ۔ لیکن کچھ ماہرین کے مطابق جب مویشی باڑے میں جانے سے انکار کریں ۔ چوہے بلوں سے نکل کر بھاگیں ، چوزے درختوں پر چڑھ جائیں اوربطخیں پانی میں جانے سے ہچکچائیں ، کتے خواہ مخواہ بھونکنے لگیں ۔ سانپ موسم سرما کی نیند سےبیدار ہو کر زمین سے باہر نکل آئیں ۔ خرگوش کان کھڑے کرکے کودنے پھاندنے لگیں ، کبوتر خوفزدہ ہوکر ڈربوں میں نہ جائیں تو سمجھو کہ زلزلہ آنے والا ہے ۔ پودوں کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ اسی کے سبب انسان اور جانور زندہ ہیں ۔ انسان نے اس کائنات میں آکر سب سے پہلا پیشہ جو اختیار کیا وہ گلہ بانی تھا ۔ پھر رفتہ رفتہ زمین صاف کرکے کاشتکاری شروع کی ان دونوں کاموں میں اُس کا ساتھ جانوروں نے دیا ۔

اسلامی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو حضور ﷺ نے جانوروں اور پرندوں کے تحفظ اور مناسب نگہداشت کیلیئے تاکید فرمائی کہ جو جانور جس کام کیلئے پیدا ہوا ہے اُس سے وہی کام لینا چاہیے ۔ اُن کے منہ پر مارنے اور داغ لگانے سے منع فرمایا ہے ۔ جن سے کوئی فائدہ یا نقصان نہ ہو اُنہیں مارنا جائز نہیں ۔ آپ نے چیونٹی اور شہد کی مکھی ، ہُدہُد اور مور کا مارنے سے منع فریا ۔

**سوال نمبرا۔ ثابت کریں کہ ہماری خوراک،لباس اور مختلف کاموں میں جانور ہمارا ساتھ دیتے ہیں؟** (۲/ )

______________________________________

______________________________________

**سوال نمبر۲۔ جانور فصلوں کے محافظ کس طرح بنتے ہیں ؟** (۲/ )

______________________________________

______________________________________

**سوال نمبر۳۔ وہیل مچھلی کا تیل کس مقصد کیلیئے استعمال ہوتا ہے ؟** (۲/ )

______________________________________

______________________________________

سوال نمبر۴۔ زلزلہ آنے سے پہلے دو پرندوں اور دو جانوروں کی حرکات و سکنات واضح کریں ۔ (۳/ )

______________________________

______________________________

______________________________

سوال نمبر۵۔ انسان کے ابتدائی پیشوں اور جانوروں میں کیا نسبت پائی جاتی ہے ؟ (۲/ )

______________________________

______________________________

سوال ۶۔ جانوروں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ہے ۔ (۲/ )

______________________________

______________________________

سوال نمبر۷۔ وضاحت (Explain) کریں کہ پودے انسان اور جانوروں کو زندہ رکھتے ہیں ۔ (۳/ )

______________________________

______________________________

______________________________

سوال نمبر۸۔ پیراگراف کا مناسب عنوان لکھیں ۔ (۱/ )

______________________________

سوال نمبر۹۔ انگریزی میں ترجمہ کریں ۔ (۳/ )

ا۔ تجربہ ______________ ۲۔ نقصان ______________

۳۔ پیشہ ______________

سوال نمبر۱۰۔ جملے بنائیے ۔ (۵/ )

ا۔ انکار: ______________________________

۲۔ اہمیت: ______________________________

۳۔ کائنات: ______________________________

۴۔ تحفظ: ______________________________

۵۔ فائدہ: ______________________________

## حصہ قواعد ۲۵/

**سوال نمبر۱۔ قوسین میں دیئے گئے الفاظ کے واحد یا جمع خالی جگہوں میں لکھیے ۔** ۲.۵/

۱۔ ہمیں اپنی گفتگو میں (لفظ) ____________ کا استعمال بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہے ۔

۲۔ مجمع میں زیادہ تر لوگ (صاحب) ____________ علم تھے ۔

۳۔ کراچی شہر میں بڑی بڑی (عمارت) ____________ ہیں ۔

۴۔ اللہ تعالیٰ کے ہم پر بہت سے (احسان) ____________ ہیں ۔

۵۔ اس کہانی کی صرف ایک ہی (اقساط) ____________ ہے ۔

**سوال نمبر۲۔ خط کشیدہ الفاظ کے مترادف خالی جگہوں میں لکھیئے ۔** ۲.۵/

۱۔ میں نے بازار سے ____________ کپڑا خریدا ۔ (ملائم)

۲۔ حاتم طائی بہت ____________ آدمی تھا ۔ (فیاض)

۳۔ میرا بھائی بہت ____________ ہے ۔ (دانشمند)

۴۔ آج کے دور میں صرف انسان____________ رہ گیا ہے۔ (ستا)

۵۔ اللہ ____________ کو پسند کرتا ہے ۔ (طہارت)

**سوال نمبر۳۔ الفاظ کے متضاد خالی جگہوں میں لکھیئے ۔** ۲.۵/

۱۔ آج طلباء جماعت میں ____________ رہے ۔ (مصروف)

۲۔ یہ کمرہ باقی کمروں سے زیادہ ____________ ہے ۔ (تاریک)

۳۔ مجھے تم سے اسی ____________ کی امدی تھی ۔ (قول)

۴۔ آج ہم نے ____________ کامیابی حاصل کی ۔ (معمولی)

۵۔ یہ کام اتنا ____________ بھی نہیں ہے ۔ (مشکل)

**سوال نمبر۴۔ محاورات جملوں میں استعمال کیجیے ۔** ۵/

۱۔ پاپڑ بیلنا : ____________________________________

____________________________________

۲۔ دال میں کالا ہونا : ____________________________________

____________________________________

۳۔ پھونک پھونک کر قدم رکھنا : ____________________

____________________

۴۔ پالا پڑنا : ____________________

____________________

۵۔ ٹس سے مس نہ ہونا: ____________________

____________________

**سوال نمبر۵۔ غلط فقرات کی اصلاح کیجیے ۔** /۳

ا۔ میرے کو ٹھنڈی شربت پسند ہے ۔ ____________________

۲۔ وہ غصے سے زرد پیلا ہوگیا ۔ ____________________

۳۔ تم نے اپنا کام ختم کرا کہ نہیں ۔ ____________________

**سوال نمبر۶۔ تشبیہات مکمل کریں ۔** /۱.۵

ا۔ زہر کی طرح ____________ ۲۔ ریشم کی طرح ____________

۳۔ چاند کی طرح ____________

**سوال نمبر۷۔ دیئے گئے سابقوں سے دو دو الفاظ بنائیں ۔** /۲

ا۔ قابل: ____________ ____________

۲۔ صاحب: ____________ ____________

**سوال نمبر۸۔ دیئے گئے لاحقوں سے دو دو الفاظ بنائیں ۔** /۲

ا۔ گاہ: ____________ ____________

۲۔ ناک: ____________ ____________

سوال نمبر۹۔ رموز و اوقاف لگا کر عبارت دوبارہ تحریر کریں ۔ /۴

بی بی مریم حضرت عیسیٰؑ کے لے کر بستی میں آئیں تو لوگوں نے آپ کو گھیر لیا اور پوچھا کہ یہ بچہ کس کا ہے بی بی مریم خاموش رہیں اور چُپ چاپ اپنے بچے کا منہ تکنے لگیں اس وقت خُدا نے حضرت عیسیٰؑ کو قوت گویائی بخشی اور آپ نے پیغمبرانہ شان سے فرمایا اے لوگو میں روح اللہ ہوں اور دنیا میں امن و آشتی پھیلانے آیا ہوں

حصہ انشاء پردازی

گُل نمبر ۲۵/

سوال نمبر۱۔ کسی ایک عنوان پر ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے ۔ /۱۵

'' صحت و صفائی ''

یا

اسکول کے طلباء میں خوشی کی لہر دوڑ گئی جب ۔۔۔۔۔

سوال نمبر۲۔ دوست کو خط لکھ کر فضول خرچی کے نقصان سے آگاہ کرتے ہوئے بچت کی تلقین کریں ۔ ۱۰/

یا

دو افراد کے درمیان ٹی وی کے فوائد اور نقصانات پر ایک مکالمہ تحریر کریں ۔

گُل نمبر ۲۵/

## حصہ ادب

۱۰/

**سوال نمبر ا** سوالوں کے جواب لکھیے ۔

ا۔ سبق آلودگی کے تینوں کردار کون کون سی آلودگی کا شکار تھے ؟

۲۔ چچی چچا چھکن کو سفر پر جانے سے کیوں منع کرتی تھیں ؟

۳۔ سرکپ کے لوگ کیوں ہراساں رہتے تھے ؟

۴۔ '' خود ستائی عیب ہے اور خود ستا '' اس مصرعے کا کیا مطلب ہے ؟

۵۔ مصر کے فرماں روا نے کیا خواب دیکھا تھا ؟

**سوال نمبر۲۔ نظم جاڑا اور گرمی کا مرکزی خیال لکھیے ۔** ۳/

**سوال نمبر۳۔ تشریح معہ حوالہ کریں ۔** ۴/

تو ہے خلوت میں تو ہے جلوت میں
کہیں پنہاں کہیں عیاں تو ہے
نہیں تیرے سوا یہاں کوئی
میزبان تو ہے مہمان تو ہے ۔

حوالہ:

تشریح:

سوال نمبر۴۔ " آلودگی " یا " مصر کے فرماں روا کا خواب " خلاصہ تحریر کریں ۔ ۸/